یہ کتاب ہر قسم کی کتابیں ملک قطب الدین اینڈ کتب خانہ مصطفائی پریس لاہور سے نہایت یقین و تاجران کتب کو بازار عام میں

بہار ستان نعت نبی پیمبر ۷۸۶ گلشن اخلاق حصہ اول و دوم ۳ نیت فحلہ
بہار مدوف دیوان حضر
ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

فالنامہ

معہ آیات
قرآن شریف

بلفہ ائیش
ملک دین محمد اینڈ برادرز تاجران کتب لاہور
مطبوعہ خادم التعلیم پریس لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی یعلم السر و الاخفی و الصلوٰۃ و السلام
علی رسولہ محمد ن المصطفےٰ و علی آلہ و اصحابہ المجتبےٰ و
علی ولدہ و نائبہ غوث الوریٰ اس کے بعد کہتا ہے
فقیر میران بخش قادری فاضلی ساکن ہوک احمد کا کہ ایک دن حکیم
ذی شان قدوہ حکماء زمان افلاطون دوران حکیم غلام مصطفےٰ
خان تاجر کتب گجرات پنجاب نے اس حقیر کو ارشاد کیا کہ ایک
نسخہ فالنامہ مصحف شریف کا بزبان فارسی میرے پاس موجود
ہے اور کسی فال اُس کی خطا نہیں ہوئی ہے اگر اُس کو بزبان
اُردو ترجمہ کرو تو فائدہ سے خالی نہ ہوگا لہذا موجب المامور معذور
ترجمہ اُس کا بزبان اُردو کر دیا۔ اللہ الموفق بالتمام اور
یہہ رسالہ دو مقصد پر تقسیم کیا ہے۔ مقصد اوّل میں
فال دیکھنے کی ترتیب اور مقصد دوسرے میں فال پانے
کی ترکیب ہے ٭٭

مقصد اوّل

جو شخص چاہے کہ فال مصحف شریف سے کھولے اوّل وضو کرے یا تیمم۔ اس کے بعد دو ایک بار اور فاتحہ اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار اور اخلاص تین بار اور یہ دعا ایک بار پڑھی جائے۔ اللھم تفالت بکتابك وتوکلت فاتنی ما ھو المکرم فی شرعك والمکنون فی علمك انت الحق یا ذوالجلال والاکرام برحمتك یا ارحم الراحمین اور پھر گیارہ بار درود پڑھے اور نیت دل اپنے میں کرکے صدق اور اعتقاد درست کیساتھ کلام اللہ کو لیکر اگر اوّل دن کا ہو تو کلام اللہ اوّل سے اگر میانہ دن کا ہو تو کلام اللہ درمیان سے اگر آخر دن کا ہو تو آخر سے کلام اللہ کو کھولے اور سات ورق شمار کرے۔ اور ساتویں ورق کی ساتوین سطر پر نظر ڈالے کہ اوّل اُس کے کون حرف نکلا ہے۔ اُس پر عمل کرے۔ اگر کلام اللہ حاضر نہ ہووے تو جدول مندرجہ ذیل میں آنکھ ڈھانپ کر انگشت شہادت رکھے۔ جس حرف پر اُسکی انگشت پڑے فالنامہ سے وہ حرف نکال کر اُس پر عمل کرے۔

جدول یہہ ہے

ا	ب	ت	ث	ج	ح
خ	د	ذ	ر	ز	س
ش	ص	ض	ط	ظ	ع
غ	ف	ق	ک	ل	م
ن	و	ہ	لا	ء	ی

مقصد دوسرا

الف۔ قولہ تعالیٰ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ صر
ای خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (الف)
فال تیری میں آیا ہے تجھ کو خوشی اور فیروزی کی بشارت
ہے۔ اور غم اور اندوہ سے نکلنے کی اشارت ہے۔ یہ فال
صاحب دولتوں کی ہے۔ کسی وجہ سے پشیمانی تیری
نیت میں نہ ہوگی جو کچھہ خدائے تعالےٰ سے طلب کریگا
بے انتظار تم کو مل جاوے گا۔ اور روز شنبہ کو اپنے دل

کے بہبود سے تم کو واقفیت ہوگی اور تمام کام تیرے اچھے
ہو جائینگے اگر نیت تیری سفر کرنیکی ہے تو چلا جا بہت فائدہ ہوگا
اگر کوئی غائب ہے۔ تو اُس کی ملاقات جلدی تمکو ہوگی اور
خبر اُس کی ایک بزرگ مرد لاویگا۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی
ہے وہ بھی مل جاوے گی۔ اگر نیت ناطہ اور پیوند کی ہے۔
کرے مبارک ہوگا۔ ان دنوں میں تیرے دل میں کسی طرح
کی دلگیری تھی وُہ بھی بخیر گذر گئی ہے۔ خواہین آشفتہ کسی
کیساتھ مت کہو اسی میں صلاحیت تیری ہے اور اپنا راز
ہر کسی سے پوشیدہ رکھنا چاہئے اور ہر کام میں یقین درست
رہیگے قدم مردانہ رکھہ اور درود بروح حضرت سیّد عالم اور
حضرت آدم صلواۃ اللہ علیہم اجمعین پڑھیو تا دشمنوں سے
ایمن رہکر اپنی مراد پاوین اور غم سے بے غم ہو جاوین۔ اور
کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ۔

ب۔ قولہ تعالیٰ۔ براءۃ من اللہ ورسولہ الا الذین
عاھدتم اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ب)
فال تیرے میں آیا ہے۔ تمکو بشارت ہے کہ تمام کام بستہ
تیرے جلدی سرانجام ہو جاوین گے اور روز دوشنبہ کو اپنے

راز دل سے تم کو خبر ہوگی۔ اور مدت ہے کہ ایک چیز
کی تم کو طلب تھی اب خوش ہو کہ بے انتظار مل جاویگی
اور تم کو ایک دلگیری تھی وہ بخیر گذری ہے اب خدا کے
کرم سے تم کو دولت منھ دکھاویگی دل قوی رکھنا اور یہہ
فال تمام حاجت روائی تیری پر دلالت کرتی ہے اور رزق
اور روزی تم کو بہت ملے گی اور غم اور اندوہ سے تمکو خلاصی
ہوگی۔ اگر سفر کی نیت ہے۔ جاکہ بہت مال تمکو حاصل
ہوگا اگر کوئی غائب ہے تو آجاویگا اور خبر اُسکی ایک مرد میانہ
سال دو دن کو لاویگا اگر کوئی آدمی تیرا بیمار ہو وہ شفا پاویگا۔ اگر نیت
پیوند اور خرید و فروخت کی ہے کر جو مبارک ہوگا۔ راز دل اپنا
کسی سے نہ کہو بہبودی تیری اسمیں ہے بگو انشاء اللہ تعالےٰ
ت قولہ تعالیٰ یا ایھا الذین امنوا توبوا الی اللہ توبۃ
نصوحا ای خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف ت فال
تیری میں آیا ہے اس نیت میں چند روز صبر کرنا چاہئے تا جملہ
کام تیرے بخوبی انجام ہو جاویں کیونکہ یہ فال حضرت یعقوب علیہ السلام
کی تیرے طالع میں نکلی ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمکو کسی
چیز کا خوف ہے اُس سے مت ڈر۔ جو خدا تعالیٰ تجھکو خوش

کریگا۔ اگر تیرا کوئی شخص بیمار ہے چاہئے کہ ایک بکری صدقہ
دیوے اگر مفلس ہو تو ایک مرغہ تصدق کرے تا جلدی صحت
پاوے اگر کوئی تیرا غائب ہوا ہے جان تو کہ وہ دور چلا گیا ہے اور
کسی زحمت میں مبتلا ہے اُس کی ملاقات تمکو محال ہے توکل
بخدا ہو۔ اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے معلوم کر کہ کسی بدذات کے
ہاتھ میں آگئی ہے اُسکا تم کو ملنا دشوار ہے اب صبر کرنا ہر کام
میں بہتر ہے اور زبان کو بُرا کہنے سے نگاہ رکھنا اچھا ہے۔ تا
مضرت نہ پہونچے اور سفر کرنا بھی نیک نہیں ہے۔ سفر کرنے
میں نقصان کلی ہے اور کسی دشمن سے تم کو کچھ پہنچیگا کہ اُس سے
خوشی حاصل ہوگی۔ اور جو خواب پریشان دیکھیر کسی سے نہ
کہہ اور یقین اپنا درست رکھہ اور درود سید عالم اور حضرت آدم پر
بھیجنا احسن اور انسب ہے تا جملہ مرادات بخوبی حصول و وصول ہو
جائین اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ث۔ قولہ تعالیٰ ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا
الی اللہ اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (ث)
فال تیری میں برآمد ہوا ہے دلالت کرتا ہے کہ تمام کام تیرے
انجام ہو کر خوشی اور عیش اور عزت اور حرمت تمکو حاصل ہوگی

اور کسی نوع کی پریشانی اور پشیمانی نہ آوے گی اور چھ روز
کے بعد اپنی ضمیر پر تمکو آگاہی ہوگی اور مدت سے جس چیز
کی تمکو طلب تھی وہ اب ہاتھ میں آویگی اور بادشاہان اور امیران
اور بزرگان سے تجھ کو راحت پہنچے گی۔ اگر کوئی شخص تیرا غائب
ہے تو اُس کی خبر ایک لڑکا لاویگا اور بسلامت ملاقات اُس
کی میسّر ہوگی اگر بیمار ہے صحت پاویگا اگر کوئی چیز گم
ہوئی ہے۔ تو وہ بھی پیدا ہوگی لیکن ایک شخص بلند قد خشک
اندام سے اجتناب کرنا چاہئے تاکہ مگر تیرے ساتھ نہ کرے اور
جانب ایک دوست سے تمکو ہدیہ ملیگا۔ اور تمام مرادیں حاصل
ہونگی طاعت خدا میں کاہلی نچاہیئے اور ذکر خدا میں شاغل رہنا
باعث بہبودی کا ہے اور راز دل اپنا کسی سے نکہنا تا دشمنوں پر تمکو ظفر
ہوجاویگی اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ۔

ح قولہ تعالیٰ فلما اضاءت ما حولہ ذھب اللہ بنورھم

اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف جیم فال طلع تیری
میں آیا ہے فیروزی حال اور سعادت اور دولت پر تمکو دلالت
ہے۔ لیکن اس نیت میں کوشش اور طلب از بس مفید ہے تقصیر نہ
کرنی چاہئے۔ اور بعد چار روز کے تمکو از ضمیر اپنے سے خبر ہوجاویگی

اور اُمید بر آویگی اور ایک شخص سیاہ چشم بلند قد لاغر اندام
سے پرہیز کرنی مناسب ہے تا تیرے ساتھ مکر نہ کرے اور مدت
تین ماہ سے ایک چیز کی طلب میں تمکو پریشانی اور سرگشتگی تھی
دل قوی رکھہ کہ اب نحوست سے تمکو رہائی ہو جاویگی اور ستارہ
سعد تیرے طالع میں طلوع ہُوا ہے اور قوت پذیر ہو گیا ہے لیکن
فی الحال سفر کرنا چاہئے اور غائب تیرا دور چلا گیا ہے اگر نوروز
تک نہ آویگا تو اُس کے آنے میں دیر ہو گی۔ اگر کوئی شخص تیرا
بیمار ہے حسب حال صدقہ دینا بہتر ہے تا اُس زحمت سے
شفا پاوے امیروں اور بادشاہوں کے پاس جانا اچھا ہے کسی طرح کا تمکو
منفعت ہو جاویگا اور اب کا سال تمام سالوں سے تیرے واسطے بہتر آیا
ہے۔ اور ایک دوست سے تمکو ہدیہ پہنچیگا اُس سے خوشی ہو گی اور
ہمیشہ نماز میں مقید رہو کہ تمکو تمام مرادوں پر کامیابی ہو جاوے
گی اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ +

ح۔ قولہ تعالیٰ وجعلنا من الماء شی حی افلا یومنون

اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (حی) طالع میں
میں نکلا ہے خوشی اور فیروزی پر تمکو بشارت ہے۔ اور ظفر یابی
دشمنو پر اشارت ہے اور غائب کے سلامت آنیپر دلالت ہے اور

درمیان خویشان اور بھائیوں کے مژدہ موافقت ہے اور مطلوب تیرے
بآسانی انجام ہونگے اور مال حلال کا مستحق ہونا تیرا اس فال سے
ظاہر ہوتا ہے۔ اور بزرگوں اور امیروں سے تمکو خوشی پہونچیگی۔
سفر کرنا مبارک ہے مراد حاصل ہوگی۔ اگر کوئی چیز گم ہوئی
ہے۔ دستیاب ہوجاویگی اگر بیمار ہے۔ جلدی صحت پاوے گا
کچھ صدقہ دینا چاہیئے۔ اور ہر کام میں دودلہ مت ہو۔ مستقل
رہو۔ اور ایک صاحب علم سے تمکو راحت پہنچیگی اور ایک رنگ
سے بھی دروازہ فتح اور دولت کا تیرے منہ پر کھلیگا اور
دشمن تیرے مقہور ہونگے دل اپنے کا راز کسی سے نہ کہنا
کہ موجب نقصان تیرے کا ہو اور درود بروح سید عالم اور
آدم علیہ کی پہنچاتا رہو ہمیشہ خوشی دل سے دین اور دنیا میں راحت
پاویں۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالے ۔

خ قولہ تعالی۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن
خلفھم سدا فاغشینھم فھم لا یبصرون ۰ اے
خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (خی) فال تیری میں
ظاہر ہوا ہے ستارہ عطارد سے تعلق رکھتا ہے سخاوت کا ہاتھ
کشادہ رکھ اور صدقہ حسب مقدور دے تا حال تیرا بخیر گذرے اور

فائدہ تمکو پہونچے اور فکر اور اندیشہ کو دل میں راہ نہ دینا چاہیئے
کیونکہ اب نحوست دفع ہو جاویگی اور جو نیت دل تیرے میں آئی
ہے تیس ۳۰ روز کے بعد تمکو اُس کی خبر ملیگی اور چار شنبہ کے دن
اپنے راز دل پر آگاہی ہوگی اور توکل بخدا رہنا اچھا ہے
تا تمام کام بخوبی انجام اور تمام ہو جاوین - اگر پچیس روز میں تیرا
غائب نہ آویگا تو آنا اس کا از حد دشوار ہے - اور سفر کرنا اور
نکاح کرنا اور مناظرہ کرنا فی الحال نیک نہیں ہے اور بہبود دل کا
کسی سے مت کہنا موجب ضرر کا نہو جاوے - بذکر حق قیام کرنا
جملہ مراد وصول ہو اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ۔

دقولہ تعالیٰ - انا جعلنا خلیفۃ فی الارض قالو ما سمعنا

ای صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (د) فال تیری میں
آیا ہے دال ہے اوپر جمعیت دل اور کشادہ کار کے اوجس کام کی
تیرے دل میں طلب ہے اُسکے درپے ہو جو مبارک ہوگا - اور ہرگز
ہاتھ اُس کام سے مت رکھ بخوبی انجام ہو جاویگا - اور بادشاہاں
اور بزرگان اور امیران تمپر مہربان ہونگے اور روز بروز عمر اور
دولت تیری بڑھے گی اگر بیمار ہے شفا پاوے گا - اگر سفر کا تم
کو قصد ہے چلا جا کہ خالی از فائدہ نہیں ہے - اگر خرید و فروخت

یا پیوند کی نیت ہے تو کرے محبت مبارک ہے دل کا راز کسی سے نہ کہہ کہ منفعت نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص تیرا غائب ہے وہ بھی آجاویگا۔ اگر کچھ گم ہوا ہے وہ بھی مل جاویگا اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ذ۔ قولہ تعالیٰ افتحنا ابواب السماء بکماء ھمر و فجرنا الارض عیونا اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (ذ) فال تیری میں آیا ہے۔ دلالت کرتا ہے عیش اور عشرت پر اور جس چیز کی تمکو طلب ہے وہ جلدی دستیاب ہو جاویگی اور تمام کام تیرے درست ہو جائینگے اور جسکا تمکو خوف تھا اس سے بیخوف رہو گیارہ روز کے بعد تیرا راز دل ظاہر ہوگا اور مستحکم رہو کہ صحت اور تندرستی تیرے طالع میں نمایاں ہے ایک بزرگ یا دوست سے تمکو ہدیہ ملیگا جو باعث خوشی کا ہوگا۔ اگر نیت سفر کی ہے جا چلا جا کہ مبارک ہے اور غائب بھی آجاویگا اور گم شدہ اور بھاگے ہوئے کا پتہ مل جاویگا اگر پیوند کی نیت ہے تو کر۔ بیشک ہوگا۔ اور برا کہنے سے زبان کو روک رکھ کہ تمکو منفعت ہوگی دل کا بھید کسی سے مت کہہ تا تمکو کامیابی ہوگی۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

۲۔ قولہ تعالیٰ۔ رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ۔
اے خداوند فال جان اور معلوم کر کہ حرف (سے) فال طابع
تیرے میں آیا ہے دلالت کرتا ہے دولتمندی اور سعادت پر۔
کچھ اندیشہ نہ کر کہ تمام کام تیرے حسب دلخواہ سرانجام
ہو جاویں گے اور اس قدر تم کو خوشی پہونچے گی کہ اُس کا
بیان تحریر اور تقریر سے باہر ہے دوست تیرے خوش
اور دشمن غمناک ہونگے۔ اگر کوئی چیز تیری تلف ہوئی
ہے پھر تم کو ملجاوے گی اور قرض تیرا بھی ادا ہوگا۔ اگر سفر کی
نیت ہے جانیکو منفعت ہوگا۔ اور مُدت کا غائب تیرا ہو گیا
ہے جلدی خبر اُس کی آجاویگی اور بزرگوں سے تم کو
نفع پہونچے گا اور جملہ کام تیرے بخوبی سرانجام ہونگے
اور مال اپنے سے کچھ صدقہ دینا چاہیئے اگر کوئی بیمار ہے
شفایاب ہوگا۔ خرید و فروخت تم کو نیک ہے اور ایک
لڑکا تم کو خدائے تعالےٰ کرامت کرے گا۔ جس
سے تیری خوشی کا باعث ہوگا اور وُہ مبارک قدم
ہوگا۔ اور ایک مقام سے تم کو ملامت پہونچی تھی۔ وُہ
بھی بخیر گذری چاہیئے کہ بے نام خدائے تعالےٰ

اور تعویذ کے نہ رہو بھید اپنا بھی کسی سے نہ کہو تا تمام دشمن
تیرے مقہور ہو جاوین۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۔
ن۔ قولہ تعالیٰ عبس و تولّی ان جاءہ الاعمیٰ و ما
یدریک لعلہ یزکّی اے صاحب فال جان اور آگاہ
ہو کہ حرف (زے) فال تیرے میں نکلا ہے۔ دلالت کرتا
ہے اس پر کہ ان دنوں میں تجھ کو کسی طرح کی دل تنگی
تھی۔ چند روز صبر اور حوصلہ کرنا چاہیئے تا تمام
کام حسب مراد تیرے ہو جاوین گے اور آٹھ روز تک اپنے
راز دل سے تمکو خبر ہو جاویگی اور ایک آدمی زرد رنگ میانہ
قد پشت خم سے خوف رکھنا مناسب ہے۔ تا تیرے ساتھ مکر
اور فریب نہ کرے۔ اور ایک سفر تم کو درپیش ہے اس سے
تمکو نفع بہت ملیگا اگر کوئی تیرا بیمار ہے صحت یاب ہو
جاوے گا لیکن امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں
اگر صاحب فال صبر نہ کریگا زیان دیکھے گا اور شیخ حسن بصری
رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ بہت اندیشہ نہ کر اور متوکل رہو
اگر غائب ہیں روز تک نہ آویگا تو اس کی خبر بعد ایک ماہ
کے آوے گی اور خرید اور فروخت میں بھی تم کو نفع نہ ہوگا

اور کہو انشاء اللہ تعالےٰ +

س۔ یٰسین والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین ۔

ای صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (سین) فال تیری طالع میں آیا ہے دلالت کرتا ہے۔ کہ تمام حاجت تیری اداء ہونگی اور جو نیّت تیرے دل میں ہے بر آوے گی اُس میں کاہلی نہ کرنی چاہیئے اگر پیوند اور ناطہ کی تیری نیّت ہے مبارک ہو کہ سرانجام ہو جاوے گا اور عورتوں کے ساتھ مشورت نہ کر اور بقول امام جعفرؑ وابن عباسؓ تمکو سفر کرنا بہت خوب ہے اس سے کوئی کام تیرے واسطے بہتر ہے کیونکہ اب ستارہ تیرا نحوست سے نکل آیا ہے اور کہو انشاء اللہ تعالیٰ +

ش قولہ تعالیٰ۔ اذا السماء انشقت واذنت لربھا وحقت اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (شین) فال تیری میں آیا ہے شقاوت پر اس کی دلالت ہے۔ اور پستگی اور پریشانی اور سرگردانی پر تمکو اشارت ہے اس فال میں جو نیّت تیرے دل میں ہے اُس سے باز رہو کیونکہ آخر نتیجہ اس کا پشیمانی ہے اور جس کے ساتھ دوستی

کرتے ہو وہ دشمن جان ہو جاتا ہے تین دن تک اپنی
زبان کو روک رکھہ تا دلگیری تیری کا باعث نہ ہو جاوے اور
خدا پر توکل رکھہ تا مقصود تیرا حاصل ہووے امام جعفر صادق
فرماتے ہین کہ صاحب فال کو چاہئے کہ اندیشوں سے توبہ
کرے تا بلاؤں اور خوفوں سے بیخوف ہووے اگر کوئی آدمی تیرا بیمار
ہے اُسکو خطرہ بہت ہے حسب مقدور صدقہ دیوے تا شفا پاوے
اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ص ۔ قولہ تعالیٰ فاصبر صبر جمیلا اے صاحب فال
جان اور معلوم کر کہ حرف (صاد) طالع تیرے میں آیا ہے
اسپر دلالت کرتا ہے کہ کہیں سے تمکو مال ملیگا اور گم شدہ
اور بھاگا ہوا تیرے ہاتھ میں آویگا اور کسیکی بات سے دل تیرا بہت
مشوش ہے صبر کر کہ صبر سے مراد تیری حاصل ہو جاویگی اور
غائب تیرا رنج میں گرفتار ہے توکل بخدا کر کہ بسلامت آجاویگا
اگر کوئی شخص بیمار ہے اُسکی بیماری دراز ہوگی صدقہ دہ
جو شفا پاوے اور تم کو نکاح کرنا بہت اچھا ہے کہ خدائے تعالیٰ
فرزند کرامت کریگا اور ایک آدمی تمکو تکلیف دیتا ہے تو
نصیحت اُس کی نہیں سننا ہے چاہئے کہ اُس کی بات پر

معتقد رہوین تاکہ موجب فائدہ کا ہو جاوی اور بقول امام جعفر
صادق و ابن عباس صاحب اس فال کو صبر کرنا بہتر ہے
کیونکہ یہ فال یعقوب ؑ کی ہے اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ٭
خص قولہ تعالیٰ قل ربی اتیتنی من الملک وعلمتنی
من تاویل الاحادیث ای خداوند فال جان اور آگاہ ہو
کہ حرف (ضاد) فال تیری میں آیا ہے خوشی اور دولت پر
اسکی بشارت ہے اور کسی بات کے سُننے سے تمکو خوشحالی ہوگی
اور اگر کوئی چیز تیرے ہاتھ سے چلی گئی ہے وہ بھی دستیاب ہو جاویگی
اور ایک شخص گندم رنگ میانہ قد سے پرہیز کرنی مناسب ہے
اور اپنی نیت دل سے تمکو اٹھارہ روز تک خبر ہو جاویگی اور جو
اندیشہ تیرے دل میں ہے شروع کر نہایت پسندیدہ ہے اور
امام جعفر صادقؒ اور حسن بصریؒ فرماتے ہیں جو نیت تیرے دل
میں ہے انجام اُس کا نیک ہوگا اور عبادت میں کاہلی نہ
چاہیئے اور کہہ انشاء اللہ تعالےٰ ٭

ط قولہ تعالیٰ۔ انا انزلنا علیک القران لتشقی الا تذکرۃ
لمن یخشی۔ اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (طی)
تیری فال طالع میں آیا ہے دلالت کرتا ہے کشائش کار پر

لیکن نماز میں سستی نہ چاہیئے جو دین دُنیا تیری معمور ہو جاوے
اور نماز کی برکت سے تمام کام تیرے بخوبی انجام اور سرانجام
ہووین اور اگر کوئی تیرا غائب ہے چند روز کو آجاویگا اور
عنقریب خبر اُس کی ایک مرد میانہ سال لاویگا۔ اگر کوئی بیمار
ہے تو شفا پاویگا۔ امام جعفر صادق رح فرماتے ہیں کہ اس فال
میں سفر کرنا خوب ہے اور گناہوں سے توبہ کرنا افضل ہے اور اب
کا سال تمام سالوں سے تیرے واسطے بہتر ہے اور کہہ انشاء
اللہ تعالیٰ ٭

ف قولہ تعالیٰ من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالھا
اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ حرف (ظ) فال تیری
میں آیا ہے اسکی خوشی اور عیش عشرت پر بشارت ہے اور سفر جانے
اور منفعت اُٹھانے پر اشارت ہے اگر کوئی بیمار ہووے بیماری
اُسکی دراز ہوگی لیکن آخر صحت پاویگا۔ مگر کچھ صدقہ دینا
چاہیئے اور اگر کوئی غائب ہے جان کہ وہ دور چلا گیا ہے اُسکی خبر
ایک مہینہ کا لاویگا اور خواہیں پریشان کسی سے نہ کہو کہ صلاحیت
تیری اسمیں ہے اِن دنوں میں تمکو ایک ملامت تھی وہ بخیر گذر
گئی ہے اور سوا خدا کے کسی سے طمع نہ کرنا چاہیئے تا تمام کام تیرے

بہتر ہو جاویگے ۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ع قولہ تعالیٰ ۔ الرحمن علم القرآن خلق الانسان علمہ البیان ۔ اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (عین) فال تیری میں آیا ہے دلالت کرتا ہے فتح اور نصرت پر اور جو نیت کہ تیرے دل میں ہے ایک بزرگ کیطرف سے تمکو راحت پہونچیگی اور روز یکشنبہ کو بھید ضمیر اپنے سے تمکو آگاہی ہو جاوے گی اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس نیت میں کچھ صدقہ للہ دینا چاہیئے تا مراد تیری حاصل ہو جاوے اور سفر کرنا بھی تمکو اچھا ہے کہ منفعت سے خالی نہ ہوگا اور ایک حاکم اور بزرگ کا تجھ کو وہم ہے اس سے مت ڈر اور اگر کوئی چیز تیری کھوئی گئی ہے ہاتھ آویگی اور اگر دعوی کی نیت تیری ہے بلا اندیشہ کر کہ عاقبت الامر تجھ کو ہی غلبہ ہوگا اور خرید و فروخت حیوانات کی تیرے واسطے بہتر نہیں ہے بذکر خدا مشغول رہو ۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

غ قولہ تعالیٰ ۔ اذ قال الحواریون یا عیسی ابن مریم ۔ اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (غین) فال طالع تیری میں نکلا ہے دلالت اسکی عورت کرتے ہے کہ تمکو

فائدہ ہوگا اور تمام کام مشکل تیرے آسان ہونگے کہ جیسا لوہا
ہاتھ داؤد پیغمبر علیہ السلام مین نرم ہوجاتا تھا اور روز جزا شنبہ کو
اسرار ضمیر اپنے سے تمکو آگاہی ہوجاویگی اور جس چیز کی تمکو
طلب ہے جلدی مل جاویگی مگر بھید اپنا کسی سے نہ کہنا اگر کوئی
غائب ہے وہ بھی آجاویگا اور ایک شخص زرد ریش میانہ قد گندم
رنگ گردن کوتاہ سے خوف کرنا چاہیئے تا تیرے ساتھ مکر اور فریب
نکرے اور سفر کرنا بھی واسطے تیرے مبارک ہے اور ہمیشہ باوضو
رہنا تیرا سب سے بہتر ہے اور خدا کا ذکر کرنا اور رسول مقبول صلی
اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا اس فال میں تیرے واسطے اکسیر اعظم
ہے اور کہہ انشاء اللہ تعالے ۔

ف ۔ قولہ تعالیٰ فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملاً
صالحا اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (فے) فال
طالع تیرے میں آیا ہے ۔ عیش اور عشرت خوشی اور دولت کی
بشارت ہے اور غائب تیرا آویگا اور بیمار شفا پاویگا غم نہ کر کہ جملہ
کام تیرے اس فال میں اچھے ہوجاوینگے آدمی کجبہت اور بیکرو
اور ثابت قدم رہنا تیرے واسطے بہتر ہے اور جو شخص تیرے
ساتھ بدی کرے عوض اسکے نیکی کرنا اجر عظیم تمکو ملے گا

بیس روز تک اپنے بھید دل سے تمکو خبر ہو جاویگی اور سفر
کرنا تمکو اچھا نہیں ہے - اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ٭

ق - قولہ تعالیٰ ق والقرآن المجید بل عجبوا ان جاءھم
منذر منھم فقال الکفرون ھذا شئی عجیب اے خداوند فال
جان اور معلوم کر کہ حرف (قاف) فال تیری میں آیا ہے اور
دلالت کرتا ہے کہ تمکو خلق میں قبولیت حاصل ہوگی اور جو کوئی
تمکو دیکھیگا دوست رکھیگا بقول ابن مسعود فخر رازی صاحب فال
کو کہیں فتوح پہونچیگی چودان روز تک مراد دل تیرے سے آگاہی
ہوگی اور امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو سخاوت
کرنی چاہئے کہ بہتری اُسکی اسمیں ہے اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ٭

ک - قولہ تعالیٰ کن لک کدنا یوسف اے خداوند فال جان
اور آگاہ ہو کہ حرف (کاف) فال تیری میں آیا ہے - اس نیت میں
پرہیز کرنا بہتر ہے اور دشمنی کرنی بھی کسی کے ساتھ اچھی نہیں ہے
حسن بصری فرماتے ہیں کہ صاحب فال (کاف) کو خرید و فروخت کرنا
اور قرض دینا نہ چاہئے کہ نفع نہ ہوگا اگر صبر کرے تو مراد اور مقصد پاویگا اور کہہ
انشاء اللہ تعالے ل قولہ تعالیٰ اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء اے خداوند
فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (لام) فال تیری میں آیا ہے دلالت کرتا

ہے کہ یہ فال نہایت نیک اور مبارک ہے اور تمام کام تیرے حسب
دلخواہ میسّر ہو جاوینگے اور طالع تیرے قوت پکڑ گئے ہیں امام جعفر
صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال (لام) کو مناسب
ہے کہ نیکخوئی اختیار کرے تا دشمن اُسکے دوست ہو جاوین۔ اور امام
قشیری فرماتے ہین کہ صاحب فال جس کام کا ارادہ کریگا آسان ہوگا
اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ٭

م۔ قولہ تعالیٰ اذا الشمس کورت واذا النجوم انکدرت
اے خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (میم) فال طالع
تیری میں آیا ہے دلالت کرتا ہے ملامت پر اس نیت سے پرہیز کر شیخ
بصری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہئے کہ کسی کے
ساتھ خصومت اور دعویٰ نکرے اگر اپنی نیت سے درگذر نکریگا زیان
دیکھیگا اگر صبر کریگا راحت پاویگا۔ اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ٭
ن قولہ تعالیٰ۔ ن والقلم وما یسطرون ای خداوند فال جان
اور آگاہ ہو کہ حرف (نون) فال طالع تیری میں نکلا ہے اُسپر بشارت
ہے کہ جو نیت دل تیرے میں ہے اُسکے درپے ہونا چاہئے کہ جملہ کام
تیرے سرانجام ہو جاوینگے۔ امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہیں کہ نماز میں
سستی نکر نا رزق کا دروازہ بند منہ پر کشادہ ہو جاوے اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ

و قولہ تعالیٰ ھل جزاء الاحسان الا الاحسان ۔
اے صاحب فال جان اور معلوم کر کہ یہ فال دلیل بے نیازی کی
ہے امام فخر رازی کہتے ہیں کہ صاحب فال بلا سے بیخوف ہوگا اور مراد پاویگا
اور شیخ حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ آدمی تیرے کئی محتاج ہونگے اور منفعت
پاوینگے اور درمیان خلق کے تمکو قبولیت حاصل ہوگی اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ
لا۔ قولہ تعالیٰ وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر
ای خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف (ہی) فال طالع تیری
میں آیا ہے اشارت ہے کہ یہ نیت مبارک ہے کہ تمام کاروبار تیرے بخوبی
انجام ہو جاوینگے اور کچھہ فکر نکر کہ مراد تیری حاصل ہوگی اور اس نیت
سے درگذر نکرنا چاہئے امام فخر رازیؒ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو جلدی
اپنی نیت کا ثمرہ ملجاویگا اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ ۔
لا۔ قولہ تعالیٰ۔ لا اقسم بیوم القیامۃ ای خداوند فال جان اور آگاہ ہو کہ
حرف (لام) فال طالع تیرے میں آیا ہے دلالت کرتا ہے اسپر کہ صاحب فال
جس عمل اور شغل کے درپے ہے اسکو چھوڑ دینا چاہئے کہ حاصل نہوگا اور ابن
عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس نیت اور اندیشہ میں شروع ہونا اچھا نہیں ہے ایسے
کام سے پرہیز کرنی چاہئے اگر پرہیز نکریگا زیان دیکھیگا اور کہہ انشاء اللہ تعالیٰ
ی۔ قولہ تعالیٰ۔ لا خوف علیہم ولا ھم یحزنون ای صاحب فال

جان اور آگاہ ہو کہ حرف (یے) فال طالع تیری میں آیا ہے دلیل ہے اس پر کہ اس نیت میں تمکو بہت خوشی حاصل ہوگی اور امام فخر رازی فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہئے کہ اس نیت سے درگذر نہ کرے کہ جلدی مراد حاصل ہوویگی اور کہہ انشاء اللہ تعالے ٭

تمام شد

کمترین کو اسقدر استعداد کہاں تھی کہ فارسی کا اردو میں ترجمہ کرے لیکن حسب فرمائش جناب حکیم غلام مصطفے صاحب کے ترجمہ کر دیا۔ ناظران با انصاف سے امید ہے کہ اگر اسمیں خطا دیکھیں عطا فرماویں اس ترجمہ کے چھاپنیکا حکیم موصوف کو اختیار ہے بدون اجازت ان کی کسی کو صاحب نہ چھاپے ٭

بندہ فقیر میراں بخش قادری ساکن سیوک۔

مورخہ ۲۳۔ جمادی الثانی ۱۳۰۲ھ مقدس صلعم

اطلاع

اس کتب خانہ میں ہر ایک قسم کی کتابیں شایقین تاجران کتب کو بارعایت ملسکتی ہیں فہرست مکمل ۶ پائی کے ٹکٹ آنے پر یا بیرنگ مفت روانہ ہوسکتی ہے۔

المشتہر حافظ محمد الدین تاجر کتب و مالک مطبع کتبخانہ مصطفائی پریس لاہور